نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغاخان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت سبزی و فروٹ منڈیوں کی ڈیجیٹائزیشن کیلئے ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اجلاس کا انعقاد

لاہور 03 اگست 2024: سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت سبزی و فروٹ منڈیوں کی ڈیجیٹائزیشن کیلئے زراعت ہاؤس لاہور میں اجلاس کا انعقاد ہوا۔ اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ پنجاب میں سبزی و فروٹ منڈیوں کی ڈیجیٹل مانیٹرنگ کے لیے پلان مرتب کیا جائے۔ اس ضمن میں ڈیجیٹل مانیٹرنگ کیلئے پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ قابل عمل پلان پیش کرے۔ انھوں نے کہا کہ پائلٹ فیز میں 6 ڈویژنل ہیڈ کوارٹرز کی منڈیوں کو ڈیجیٹائز کیا جائے گا۔ ڈیجیٹائزڈ منڈیوں میں آلو، پیاز اور ٹماٹر کی پہنچ اور نیلامی کے عمل کو ڈیجیٹلی مانیٹر کیا جائے گا۔ آلو، پیاز اور ٹماٹر کیلئے نیلامی کے پلیٹ فارمز بھی علیحدہ ہونے چاہیں۔ ڈیجیٹائزڈ مانیٹرنگ کے لیے داخلی گیٹ علیحدہ ہونے چاہیں۔ ڈیجیٹائزڈ منڈیوں میں داخلی اور خارجی راستوں پر چیک اینڈ بیلنس رکھا جائے گا۔ اجلاس میں چیئرمین پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ فیصل یوسف، سپیشل سیکرٹری زراعت پنجاب شہنشاہ فیصل عظیم، ڈائریکٹر جنرل پامرا طارق محمود اور ڈائریکٹر جنرل زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں سمیت دیگر اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔

☆☆☆☆